Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ رمضان المبارک ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۶ جولائی ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

روبکار محکمہ علیا دار الانشاء اجلاس ہمایون بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقعہ ۱۰ جولائی ۱۹۱۷ء

حسب سفارش افسران گورنمنٹ برطانیہ موجودہ میدان جنگ مندرجہ ذیل احکامات رامپور امپیریل سروس انفنٹری کے متعلق جاری کئے جاتے ہیں۔

(۱) لفٹنٹ امتیاز علیخان کو بجائے کپتان نور محمد خان کے ۲۸ فروری ۱۹۱۷ء سے کپتان کا رینک دیا جائے۔

(۲) جمعدار سید محمود شاہ کو بجائے لفٹنٹ امتیاز علیخان کے ۲۸ فروری ۱۹۱۷ء سے

لفٹننٹ کا رینک دیا جائے۔

(۳) جمعدار اڈجوٹنٹ دلاور حسین خان کو بجائے صوبہ دار احمد رضا خان کے ۲۰ر فروری ۱۹۱۶ء سے صوبہ دار کا رینک دیا جائے۔

(۴) جمعدار اسکرت سنگھ کو بجائے صوبہ دار دوارکا سنگھ کے ۲۹ر فروری ۱۹۱۶ء سے صوبہ دار کا رینک دیا جائے۔

(۵) جمعدار شفیع احمد خان بجائے جمعدار اڈجوٹنٹ دلاور حسین خان ترقی یافتہ کے ۲۰ر فروری ۱۹۱۶ء سے جمعدار اڈجوٹنٹ مقرر کئے جائیں۔ لہذا

حکم ہوا۔ کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل ذریعہ فوجی میدان جنگ کو کمانڈنگ افسر صاحب امپریل سروس انفنٹری کی پاس بھیجی جائے۔ اور ایک بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ اصل روبکار شامل مثل رہے فقط

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع یکم جولائی ۱۹۱۶ء

ایک آنہ کا اشامپ لیا جانا منظور ہے۔ کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض — سرجانہ

جناب عالی

ٹانڈہ خاص مین خانہ کرایہ کا ٹھیکہ ہے اوسکا بندوبست اب ختم ہے جدید بندوبست اب ہونیوالا ہے۔ چونکہ اسکی متعلق عذر داریان گذرتی ہین اور بیشتر ۲ر ۳ر ۴ر ۔ ۱ر اور سادہ پر درخواستین گذرنا ثابت ہوتا ہے اور ٹانڈہ خاص علاقہ جدید ہے صاحب مہتمم بندوبست نے استصواب کیا ہے کہ درخواست عذر داری کس قیمت کے اشامپ پر ہونی چاہئے اگرچہ یہاں ہاؤس ٹکس کی عذر داریون کے اشامپ کا تو کچھ پتہ ملا نہین لیکن انکم ٹکس کی عذر داریان معلوم ہوا کہ ایک آنہ تک کے اشامپ پر گذرتی ہین۔ لہذا اگر ایک آنہ کا اشامپ اس عذر داری کے متعلق لیا جانا منظور فرما دیا جاوے۔ تو آیندہ سے اسکی پابندی ہوتی رہے گی۔

عرضی خواہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
معروضہ ۲۰ر جون ۱۹۱۶ء

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ر جولائی ۱۹۱۶ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ہیڈ کانسٹبلان چیتی اشفاق علی کا دس روپیہ و مولچند کا پانچ روپیہ ماہوار اضافہ اس شرط سے مستقل کیا گیا۔ کہ ہر دو ہیڈ کانسٹبلان محنت و مستعدی کام چیتی پولیس انجام دین۔ اگر ہر دو ہیڈ کانسٹبلان بوجہ خرابی کام اس جگہ سے ہٹائے گئے۔ یا اپنی خواہش سے اس جگہ سے علیحدگی کی استدعا کی۔ تو اوسوقت یہ غور کیا جائے گا کہ آیندہ یہ اضافہ اونکو دیا جائے یا نہین۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۶ لغایت ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۱۶ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۶ جولائی ۱۹۱۶ء یوم جمعہ	۰	۲۷	۰	۳۹	۶	۸۸	۲	۳۲	۷	۴۷	۰	۴۶
۷ ؍؍ ؍؍ شنبہ	۰	۲۷	۱۰	۵۹	۴	۹۲	۰	۳۲	۰	۴۷	۰	۴۶
۸ ؍؍ ؍؍ یکشنبہ	۰	۲۷	۱	۶۰	۴	۹۶	۰	۳۲	۰	۴۷	۰	۴۶
۹ ؍؍ ؍؍ دوشنبہ	۵	۳۲	۰	۶۰	۴	۱۰۰	۰	۳۲	۰	۴۷	۱	۴۷
۱۰ ؍؍ ؍؍ سہ شنبہ	۰	۳۲	۵	۶۵	۷	۱۰۷	۰	۳۲	۰	۴۷	۰	۴۷
۱۱ ؍؍ ؍؍ چہارشنبہ	۰	۳۲		نقشہ نہیں آیا	۰	۱۰۷	۰	۳۲	۳	۵۰	۱	۴۸
۱۲ ؍؍ ؍؍ پنجشنبہ	۰	۳۲		؍؍	۲۵	۱۳۲	۰	۳۲	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۴۸

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے یکم جولائی لغایت ۷ جولائی سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ثار	۵۰۵ ثار	۹۰۱ ثار	۱۰ ثار	۱۰ ثار	۹ ثار	
نخود خالص	۱۱ ثار	۱۳ ثار	۱۰۱۲ ثار	۱۴ ثار	۱۴ ثار	۱۰۱۲ ثار	
نخود کسہ آمیز	۱۳ ثار	۱۴۰۱ ثار	۱۳۰۷ ثار	۱۵ ثار	۱۶ ثار	۱۳ ثار	
کسیر	۱۵ ثار	۰	۱۳ ثار	۱۶	۱۷ ثار	۱۴ ثار	
ماش	۷۰۱ ثار	۷۰۰ ثار	۸ ثار	۰	۷۰۰ ثار	۷۰۱ ثار	
مونگ	۸۰۱ ثار	۰	۸ ثار	۰	۸ ثار	۷۰۱ ثار	
مکا	۸ ثار	۱۲ ثار	۱۲۰۱ ثار	۰	۱۴ ثار	۰	
جو	۱۵	۱۳ ثار	۱۳ ثار	۱۶ ثار	۲۰ ثار	۱۵ ثار	
جو چنے	۰	۱۱ ثار	۱۲ ثار	۱۰۱۲ ثار	۱۴ ثار	۱۲ ثار	
عدس	۵۰۱ ثار	۷ ثار	۱۰ ثار	۰	۱۰ ثار	۸ ثار	
ارہر	۱۳ ثار	۹ ثار	۱۵ ثار	۰	۱۵ ثار	۱۴ ثار	
برنج	۶ ثار	۶۰۱ ثار	۷۰۱ ثار	۷۰۱ ثار	۶۰۱ ثار	۷ ثار	
روغن زرد	۱۰ ثار	۰۱۱۱ ثار	۰۱۱۱ ثار	۰۱۱۱ ثار	۰۱۲ ثار	۰۱۱۱ ثار	
روغن سیاہ	۲ ثار	۱۲ ثار	۱۲ ثار	۱۲ ثار	۱۲ ثار	۳۰۲ ثار	
روغن کنجد	۱۲۰۰ ثار	۱۰۱ ثار	۱۰۱ ثار	۱۰۱ ثار	۱۰۱ ثار	۱۰۱ ثار	
نمک سانبھر	۱۰ ثار	۱۲ ثار	۱۲ ثار	۱۱ ثار	۱۲ ثار	۱۲ ثار	
نمک لاہوری	۶ ثار	۹ ثار	۸ ثار	۸ ثار	۱۰ ثار	۹ ثار	
گڑ سیاہ	۴ ثار	۴ ثار	۴ ثار	۴ ثار	۴ ثار	۴ ثار	
باجرہ	۸ ثار	۰	۰	۰	۱۰ ثار	۰	